© rasailojaraid.com

دیا ہے جس کی نظیر سیرت و سوانح کی تاریخ میں نہیں ملتی۔ امام کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک ایک ادا۔ حیات مبارکہ کا ایک ایک لمحہ اور حیات طیبہ کا ایک ایک واقعہ رہتی دنیا تک محفوظ کرنے کے لئے جس دیوانہ وار محبت، ذوق وشوق اور محیر العقول کاوشوں کا مظاہرہ اُمّتِ مسلمہ نے کیا ہے۔ پوری تاریخ انسانیت میں اس کی مثال نہیں ملتی اس محبت و شیفتگی کے باوصف کون یہ کہہ سکتا ہے کہ اس مقدس موضوع کا حق ادا ہو گیا ہے اور اس بحر ناپیدکنار کی تہہ سے تمام موتی نکال لئے گئے ہیں۔ اور اس گلستان سدا بہار سے تمام رنگا رنگ کے پھول چن لئے گئے ہیں آج بھی نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جان نثار، سیرت طیبہ کے نئے نئے گوشوں پر اپنی کاوشوں اور محبتوں کی پونجی نچھاور کر رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے یہ سلسلہ انشاء اللہ رہتی دنیا تک جاری و ساری رہے گا۔

ایک عرصہ سے یہ خواہش تھی کہ ترجمان الحدیث کے ایک دو شمارے اس موضوع کے لئے مختص کر دیئے جائیں۔ لیکن قلت وقت اور موضوع کی اہمیت مانع رہیں حسن اتفاق سے ۱۶ تا ۱۸ فروری ۸۷ء کو سیالکوٹ میں قومی سطح پر سیرت کانفرنس کا اہتمام کیا گیا۔ تمام مکاتب فکر کے علماء کرام نے سیرت طیبہ کا پیغام امن و عافیت کے موضوع پر مقالات پڑھے۔ اور تقاریر کیں۔ ہماری جماعت کے علماء کرام نے اس کانفرنس میں جناب پروفیسر ساجد میر کی سرکردگی میں بڑا اہم کردار ادا کیا۔ اور بڑے جاندار و شاندار مقالات پیش کر کے اہل علم سے خوب داد تحسین حاصل کی۔ ہم انھی مقالات کو یکجا کر کے یہ خصوصی اشاعت ہدیۂ قارئین کر رہے ہیں۔ ایک دو مقالات مقررہ موضوع کے علاوہ سیرت کے دیگر عنوانات پر بھی ہیں۔ ہم مقالہ نگار حضرات کے بے حد شکر گذار ہیں کہ ان کے تعاون سے یہ خصوصی اشاعت منظر عام پر آ رہی ہے۔ ہر چند مقالہ نگار حضرات چنداں تعارف کے محتاج نہیں تاہم بڑے اختصار کے ساتھ ان کا تعارف پیش کر رہے ہیں تاکہ آپ انھیں مزید قریب سے دیکھ سکیں

مولانا عبدالرحمن صاحب عاجز مالیرکوٹلوی

بزرگ عالم دین، معروف شاعر اور ممتاز اہل قلم ہیں آپ کا کلام نظم و نثر ملک کے بلند پایہ رسائل میں شائع ہو رہا ہے آپ نظم و نثر میں متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ فکر آخرت آپ کی شاعری کا خاص موضوع ہے۔ آپ انتہائی صالح خدا ترس اور متدین شخصیت ہیں۔ متعدد بار زیارت حرمین شریفین سے مشرف ہو چکے ہیں ایک عرصہ تک آپ مکہ مکرمہ میں قیام پذیر بھی رہے آپ کے دو صاحبزادے مکہ مکرمہ میں قیام

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

رکھتے ہیں۔ آپ دار الکتب رحمانیہ امین پور بازار فیصل آباد کے منصرم ہیں۔

پروفیسر حافظ ساجد میر صاحب امام العصر حضرت مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی رحمۃ اللہ علیہ کے جانشین دینی وعصری علوم سے بہرہ ور۔ ممتاز دانشور۔ نامور اہل قلم اور جمعیۃ اہلحدیث پاکستان کے مقتدر رہنما ہیں۔ ایک عرصہ آپ محکمہ تعلیم نائیجیریا سے وابستہ رہے آج کل جامع مسجد ابراہیمی میانہ پورہ سیالکوٹ میں خطابت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ متعدد علمی و تحقیقی کتب ان کے زیر ترتیب ہیں۔

مولانا محمد مدنی صاحب فاضل مدینہ یونیورسٹی۔ رئیس جامعۃ العلوم الاثریہ جہلم۔ خطیب جامع مسجد اہلحدیث رنڈی والی گجرات و امیر جمعیۃ اہلحدیث پنجاب۔ حضرت مولانا حافظ عبد الغفور جہلمی رحمۃ اللہ علیہ کے خلف الرشید

مولانا محمد اعظم صاحب جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ سے فارغ التحصیل جامع مسجد رحمانیہ اہلحدیث گورونانک پورہ گوجرانوالہ کے خطیب، جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ میں نائب شیخ الحدیث۔ جمعیۃ اہلحدیث گوجرانوالہ کے ناظم نشر و اشاعت، مجلس علماء اہلحدیث پاکستان کے ناظم اور جمعیۃ اہلحدیث پنجاب کے ناظم اعلیٰ ہیں۔

مولانا عتیق الرحمن شیخ صاحب جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ سے فارغ التحصیل۔ ابھرتے ہوئے خطیب، بات کرنے کا خوبصورت طریقہ و سلیقہ رکھتے ہیں۔ آج کل جامع اہلحدیث پورن نگر سیالکوٹ کے خطیب ہیں۔

چوہدری عبد الواحد گوندل صاحب جماعت کے نہایت مخیر اور مخلص احباب میں سے ہیں۔ جامع مسجد محدث گوندلوی اہلحدیث گوجرانوالہ کی توسیع اور تعمیر نو آپ کے خصوصی تعاون سے ہوئی۔ لکھنے پڑھنے کا بڑا عمدہ ذوق رکھتے ہیں۔ آپ کے مضامین۔ الاسلام۔ ترجمان الحدیث اور دوسرے رسائل میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ جامع محدث گوندلوی میں شام کو ترجمہ قرآن مجید کی کلاس لیتے ہیں۔ اپنے وسیع کاروبار کے باوجود آپ گاہے بگاہے تبلیغی دورے پر تشریف لے جاتے ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جناب علیم ناصری صاحب ایم اے

اردو کے صاحب طرز ادیب و شاعر ہیں۔ فارسی میں بھی شعر کہنے کا ملکہ رکھتے ہیں۔ موج کہسار انکی فارسی مثنوی زیر ترتیب ہے۔ اردو میں "شاہنامہ بالاکوٹ" کی جلد اول چھپ چکی ہے۔ اس کی جلد دوم "نشید پارینہ، ضرب خلیل، طلع البدر علینا" کتب زیر ترتیب و طبع ہیں۔ آپ آج کل ہفت روزہ "الاعتصام" لاہور کے مدیر اعلیٰ ہیں۔

جناب قاضی عبدالقدیر خاموش

جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ اور علماء اکیڈمی لاہور سے فارغ التحصیل وفاق المدارس سے مستند، مسلکی و جماعتی اور ملی کاموں میں پیش پیش اہلحدیث نوجوانوں کی واحد نمائندہ و فعال تنظیم، اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان کے سیکریٹری جنرل بے باک مقرر اور فکری صلاحیتوں سے مالا مال۔ آج کل جامع بلال اہلحدیث سٹلائٹ ٹاؤن گوجرانوالہ کے خطیب ہیں۔ آبائی طور پر آپ کا تعلق ضلع گجرات سے ہے۔

جناب رانا محمد شفیق خاں پسروری

ممتاز عالم دین اور مناظر حضرت مولانا محمد رفیق خاں پسروری رح کے فرزند ارجمند، جامعہ علمیہ سرگودھا۔ جامعہ ستاریہ کراچی سے فارغ التحصیل اور وفاق المدارس سے مستند۔ نیز عصری علوم سے بہرہ ور۔ کراچی میں درس و تدریس اور خطابت کے فرائض سرانجام دینے کے ساتھ ساتھ دینی جرائد سے بھی منسلک رہے ہے۔ آپ کے تحقیقی و علمی مضامین ایک عرصے سے رسائل وجرائد میں شائع ہو رہے ہیں۔ شعر و ادب اور لکھنے پڑھنے کا اعلیٰ ذوق رکھتے ہیں۔ ہفت روزہ الاسلام اور ماہنامہ ترجمان الحدیث کی مجلس ادارت کے رکن اور اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان کے دفتری امور کے انچارج ہیں۔ آپ زمانہ طالب علمی سے ایک اچھے مقرر کے طور پر معروف ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمیں اس نوجوان سے

قاضی محمد اسلم صاحب سیف فیروزپوری

قاضی صاحب ہماری جماعت کے مایۂ ناز اہل قلم ممتاز دانشور اور معروف ادیب ہیں انہوں نے جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن دار الحدیث محمدیہ ملتان اور جامعہ سلفیہ فیصل آباد سے تعلیم حاصل کی ہے پیشہ کے اعتبار سے معلم ہیں۔ جامعہ تعلیم الاسلام ماموں کانجن کے ناظم اعلیٰ اور روح رواں ہیں۔ حضرت صوفی محمد عبداللہ رحمہ اللہ کی وفات کے بعد آپ کی ذمہ داریاں بہت بڑھ گئی ہیں۔ آپ جمعیت اہلحدیث پاکستان کی مجلس عاملہ، ماہنامہ ترجمان الحدیث کی مجلس ادارت کے رکن ہیں۔ آپکے مضامین ایک مدت سے ملک کے بلند پایہ رسائل میں شائع ہوتے ہیں۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔

بشیر انصاری

© rasailojaraid.com